# کھانے کے بعد پڑھی جانے والی دعا

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَ سَقَانَا، وَ جَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ

**ترجمہ :**

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔

سنن ابوداؤد کی حدیث مبارک میں ہے : عن أبي سعيد الخدري، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان إذا فرغ من طعامه قال: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ ترجمہ : حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے کھانے سے فارغ ہوجاتے تو یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتے۔ (سنن ابوداوٗد، جلد3، صفحہ432، رقم الحدیث : 3850، مطبوعہ ہند)

## کھانے کے بعد کی دعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ ھُوَ اَشۡبَعَنَا، وَ اَرۡوَانَا وَ اَنۡعَمَ عَلَیۡنَا، وَ اَفۡضَلَ

**ترجمہ :**

تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لیے ہیں کہ جس نے ہمیں شکم سیر کیا (پیٹ بھر کر کھلایا) اور ہمیں سیراب فرمایا، اور ہم پر انعام اور فضل فرمایا۔ (شعب الایمان، جلد6، صفحہ332، رقم الحدیث : 4284، مطبوعہ مکتبۃ الرشد)

## کھانا کھانے کے بعد کی دعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنِیۡ ھٰذَا الطَّعَامَ، وَ رَزَقَنِیۡہِ مِنۡ غَیۡرِ حَوۡلٍ مِّنِّیۡ وَ لَا قُوَّۃٍ

**ترجمہ :**

تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لیے ہیں کہ جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ عطا فرمایا۔

سنن ابوداؤد کی حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : من أكل طعامًا ثم قال: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِيۡ اَطۡعَمَنِيۡ ھٰذَا الطَّعَامَ، وَ رَزَقَنِيۡہِ مِنۡ غَيۡرِ حَوۡلٍ مِّنِّيۡ وَ لَا قُوَّۃٍ غفر له ما تقدم من ذنبه ترجمہ : جس نے کھانا

کھایا، پھر یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھی، تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (سنن ابو داؤد، جلد6، صفحہ138، رقم الحدیث: 4023، مطبوعہ دار الرسالۃ العالمیۃ)


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net